# 23-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ کاماریڈی کے ایم ایل اے وینکٹ رمنا ریڈی نے گورنمنٹ ڈگری کالج اراضی تنازعہ کے سلسلہ میں تحقیقات کرائے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔

۲۔ بی آر ایس پارٹی نے کمارا ملنا جاترا میں ہوئی بھگدڑ اور دو ماہ کے شیر خوار کی موت کے واقعہ پر سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

۳۔ بی سی کمیشن نے ملنا جاترا واقعہ کے تحت تین دن کے اندر رپورٹ پیش کرنے کیلئے کہا ہے۔

۴۔ مرکزی وزیر نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ سونا اور چاندی کی برآمد کے قابل حل صورتحال ہے جبکہ اس معاملہ پر آر بی آئی کی جانب سے قریبی نظر ہے۔

اور

۵۔ مرکزی وزیر امیت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت ٹیکسی کوآپریٹیو کے ذریعہ اس کے ڈرائیورس کو حق ملکیت دی جارہی ہے۔

NIRMALA:

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے کہا ہے کہ سونا اور چاندی کی ملک میں درآمد پر خوف زدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ ریزرو بینک آف انڈیا ترجیحی بنیادوں پر صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سونے کی قیمت میں اضافہ کا اصل سبب مرکزی بینکوں کی جانب سے بڑی مقدار میں خریدی کرنا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مالی خسارہ حدود سے باہر نہیں ہوا ہے۔ نرملا سیتارمن نے آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا کے ساتھ آج ممبئی میں میڈیا سے بات

چیت کی۔ وزیر فینانس نے بینکوں کو مشورہ دیا کہ اہم تجارت پر نظر رکھیں اور غلط امور پر چوکس رہیں۔ نرملا نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ ملک ترقی کی راہ پر آگے بڑھ رہا ہے لہٰذا سب کو اس کا حصہ ہونا چاہئے۔ انہوں نے صنعتکاروں سے اپیل کی کہ ملک میں اپنی سرمایہ کاری میں اضافہ کریں۔ اس موقع پر ٹیرف کا مسئلہ بھی زیر بحث آیا جیسا کہ حال ہی میں امریکی سپریم کورٹ نے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ٹیرف سے متعلق حکم نامہ کے خلاف فیصلہ دیا۔ جواب میں ٹرمپ نے کئی مما لک پر 15 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جب یہ پوچھا گیا کہ اِس صورتحال کا ہندوستان پر کیا اثر پڑے گا؟ تب سیتارمن نے کہا کہ کامرس اور صنعتوں کی وزارت صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے اور اس پر کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ Sound Byte.

TENSION:

کاماریڈی میں اس وقت سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگیا جب کانگریس اور بی جے پی لیڈرس نے مقامی گورنمنٹ ڈگری کالج کے اراضیات پر قبضہ سے متعلق ایک دوسرے پر الزامات لگائے۔ بی جے پی ایم ایل اے وینکٹ رمنا ریڈی نے اس سلسلہ میں ضلع کلکٹر کو یادداشت پیش کی۔ جواب میں کانگریس لیڈرس نے بھی یہی عمل کیا۔ کشیدگی میں اضافہ کے دوران ایم ایل اے کے گھر کے پاس پولیس کا سخت بندوبست کیا گیا۔ رکن اسمبلی وینکٹ رمنا ریڈی نے اپنے سیاسی حریفوں بالخصوص کانگریس لیڈر محمد علی شبیر کو چیالنج کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ ثابت کیا جائے کہ انہوں نے کالج کی زمین کے ایک گز پر بھی قبضہ کیا ہے تب وہ مستعفی ہوجائیں گے اور سیاست سے کنارہ کشی اختیار کرلیں گے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ وہ اپنے خلاف دائر کردہ مقدمات پر خوف زدہ نہیں ہوں گے۔

STAMPEDE:

بی آر ایس پارٹی نے ناگر کرنول کمارا ملنا جاترا میں ہوئی بھگدڑ کے واقعہ کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے جیسا کہ اِس واقعہ میں دو مہینہ کے ایک شیر خوار کے موت کی رپورٹ ملی ہے۔ سابق وزیر سرینواس گوڑ نے پارٹی کے دیگر لیڈرس کے ساتھ آج ڈی جی پی شیودھر ریڈی کو یادداشت پیش کی اور ڈی جی پی سے اپیل کی کہ اِس سلسلہ میں جامع تحقیقات کرائی جائے۔ انہوں نے مہلوک کے افراد خاندان کی مدد کا بھی مطالبہ کیا۔

EMBASSY:

ایران میں بڑھتی کشیدگی اور فوری کارروائی کے امکانات کے پیش نظر ہندوستانی سفارت خانہ نے وہاں موجود اپنے تمام شہریوں کو فوری طور پر ملک چھوڑ دینے کیلئے اڈوائزری جاری کی ہے۔ سفارت خانہ نے طلبہ، سیاحوں، زائرین اور تاجروں پر زور دیا کہ پہلی دستیاب تجارتی فلائٹ یا دیگر ذرائع کے ذریعہ ایران سے روانہ ہوجائیں۔ اڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ ہندوستانی شہریوں اور ہندوستانی نژاد افراد کو ایسے مقامات پر بھرپور چوکس رہنا ہوگا جہاں احتجاج جاری ہے۔ اس کے علاوہ ہندوستانی شہریوں سے کہا گیا ہے کہ مقامی سطح پر خبروں پر مسلسل نظر رکھیں اور اپنے ساتھ امیگریشن دستاویز جیسے پاسپورٹ اور آئی ڈی کارڈس رکھیں۔

SRIDHAR BABU:

ریاست کے آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو نے حکومت کے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ حیدرآباد کو ایک گلوبل شہر میں تبدیل کیا جائے گا۔ نانک رام گوڑہ میں ہرٹ فورڈ انڈیا ٹکنالوجی سنٹر کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست میں عالمی سطح پر اختراعی ایکو سسٹم کو فروغ

دینے پر توجہ رکھی گئی ہے جبکہ مقامی نوجوانوں کو صنعتوں کی ضروریات کے مطابق تیار کیا جارہا ہے۔ وزیر نے یہ بات نوٹ کی کہ ہرٹ فورڈ نے جوایک عالمی انشورنس ادارہ ہے جس کی 200 سالہ تاریخ ہے، فیصلہ کیا کہ حیدرآباد میں 1200 ملازمین کی گنجائش والا مرکز قائم کیا جائے گا۔ اِس مرکز سے دنیا بھر میں حیدرآباد کی برانڈ امیج مزید بہتر ہوگی۔

AMIT SHAH:

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امیت شاہ نے نئی دہلی میں بھارت ٹیکسی کے ڈرائیورس کے ساتھ بات چیت کی۔ آج جاری کردہ ایک ویڈیو میں شاہ نے کہا کہ بھارت ٹیکسی کوآپریٹیو کا مقصد ڈرائیورس کو بااختیار بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرائیوٹ ٹیکسی سرویس کمپنیوں کے مسائل کو دور کرنے پر توجہ دی جارہی ہے جبکہ ڈرائیورس کو منافع دیا جارہا ہے۔ وزیر نے مزید کہا کہ یہ اقدام ڈرائیورس اور مسافرین کی حفاظت کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم بن رہا ہے۔ شاہ کے مطابق بھارت ٹیکسی میں کوئی بات چھپی نہیں ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کوآپریٹیو ٹیکسی سرویس بھارتی ٹیکسی دنیا بھر میں سب سے اچھی کیپ سرویس بن کر ابھرے گی۔ امیت شاہ نے مزید کہا کہ سارتھی دیدی اقدام کے ذریعہ خاتون مسافرین کو خاتون ڈرائیور کے انتخاب کا بھی اختیار حاصل ہوگا۔ اس کے علاوہ سارتھی بھارتی ٹیکسی کو انشورنس اور قرض کی سہولتیں بھی ملیں گی۔ Sound Byte.

BHADRADRI:

ضلع بھدرادری کوتہ گوڑم میں مقامی ایم ایل اے سامبا شیوا راؤ نے آج اپنے کیمپ آفس میں کلیان لکشمی، شادی مبارک اور چیف منسٹرس ریلیف فنڈ کے چکس تقسیم کئے۔ تقریباً 1.68 کروڑ روپے لاگتی چکس تقسیم کئے گئے۔ ایم ایل اے نے کہا کہ اِن مذکورہ اسکیمات سے تقریباً 4 ہزار افراد کو فائدہ ہوا ہے۔

KAMAREDDY:

کاماریڈی کے کلکٹر آشیش سنگوان نے کہا ہے کہ کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کے ذریعہ کپاس کی خریدی کی تاریخ میں توسیع دی گئی ہے جس کا مقصد مقامی کسانوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ انہوں نے کسانوں پر زور دیا کہ 27 فروری تک اپنی پیداوار فروخت کردیں۔انہوں نے واضح کیا کہ اس تاریخ میں مزید توسیع نہیں دی جائے گی۔

RGIA:

راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ، تلنگانہ اور ملک کیلئے ایک زبردست مالی انجن بن کر ابھرا ہے۔ ایرپورٹ سے تجارت اور سرمایہ کاری میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے۔این سی اے ای آر کی جانب سے کرائے گئے ایک سروے 2024-25ء کے تحت جسے ایرپورٹ کی جانب سے جاری کیا گیا ہے، کہا گیا ہے کہ اندازاً 68 ہزار کروڑ روپے گراس ویلو ایڈیٹ حاصل ہوئے ہیں جو تلنگانہ کی معیشت کا تقریباً 4.6 فیصد حصہ ہے۔اس کے علاوہ ایرپورٹ کے ذریعہ اندازا ہے کہ 3.5 لاکھ ملازمتیں فراہم ہوئیں۔اِس سلسلہ میں جاری کردہ ایک وائٹ پیپر میں کہا گیا ہے کہ جی وی اے میں ایکو سسٹم کا جملہ حصہ 75 ہزار کروڑ روپے رہا جبکہ تقریباً 4.1 لاکھ ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوئے۔

SANGAREDDY:

سنگاریڈی کی کلکٹر پراوینیا نے تمام سرکاری محکموں کو ہدایت دی ہے کہ آپسی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے مجوزہ ایس ایس سی سالانہ امتحانات کے پرامن انعقاد کو یقینی بنایا جائے۔کلکٹر نے ایک جائزہ اجلاس میں اعلان کیا کہ ضلع بھر میں 24 ہزار 657 طلبہ کیلئے 123 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔انہوں نے آر ٹی سی کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ امتحانی مراکز تک پہنچنے

کے لئے اوقات کے مطابق بسیں چلائی جائیں جبکہ پرچہ سوالات اور جوابی بیاضات کی محفوظ منتقلی کیلئے سخت سیکورٹی مقرر کی جائے۔اس کے علاوہ امتحانی مراکز کے حدود میں موبائل فون پر امتناع رہے گا۔

JATARA:

تلنگانہ بی سی کمیشن نے کومارا ملنا جاترا کے دوران دوسالہ ایک شیر خوار کی المناک موت پر سنجیدگی سے نوٹ لیا ہے اور الزام عائد کیا کہ جاترا کے دوران بی سی طبقہ کے افراد کو ٹمپل میں داخلہ کی اجازت نہیں دی گئی۔اس سلسلہ میں 19 فروری کو بعض اخبارات میں بھی رپورٹ شائع ہوئی ہے۔کمیشن نے سرکاری طور پر ناگر کرنول کے کلکٹر اور محکمہ انڈومنٹ کے کمشنر سے ملاقات کی۔ اِن محکمہ کے عہدیداروں کو سخت ہدایات دیتے ہوئے اِس واقعہ کے تعلق سے تین دن کے اندر جامع رپورٹ پیش کرنے کیلئے کہا، بصورت دیگر سخت کارروائی کا انتباہ دیا۔

COMISSION:

اسٹیٹ ایس سی ایس ٹی کمیشن کے چیرمین وینکٹ ایا نے پسماندہ طبقات کے مسائل کو حل کرنے کا عزم کرتے ہوئے ان کی بھلائی کیلئے کام کرنے کا ارادہ ظاہر کیا۔محبوب آباد کے دورہ کے موقع پر انہوں نے کے ٹی آر کالونی میں ایک نئی سڑک کا افتتاح کیا اور مقامی افراد سے بات چیت کرتے ہوئے ان کی شکایات سنی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس کالونی میں پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والے تقریباً ایک ہزار افراد کیلئے مکانات تعمیر کئے گئے ہیں۔انہوں نے کالونی میں بنیادی سہولتوں کو بہتر بنانے پر بھی زور دیا۔

○○